# آپ IAR والدین کے پورٹل پر کیا کر سکتے ہیں

ایلی نوائے تیاری کا جائزہ (Illinois Assessment of Readiness (IAR)) والدین کا پورٹل والدین اور سرپرستوں کو 'ایلی نوائے تیاری کا جائزہ' کے ٹیسٹوں میں آپ کے بچے کی کارکردگی تک آن لائن رسائی فراہم کرتا ہے۔ اپنا اکاؤنٹ بنانے اور اس کی تصدیق کرنے کے بعد، آپ IAR والدین کے پورٹل میں لاگ ان کر سکیں گے۔ اس کے بعد آپ اپنے بچے/بچی کے ٹیسٹ کے نتائج اور وضاحتی معلومات کو دیکھنے کے لیے اپنے بچے/بچی کی طالب علم کی انفرادی رپورٹ (ISR) کی کاغذی کاپی پر موجود کوڈ درج کریں گے۔ آپ موسم بہار ۲۰۲۱ سے شروع ہونے والے ایلی نوائے تیاری کا جائزہ برائے انگریزی زبان فنون/خواندگی اور ریاضی (ELA/L اور ریاضی) کے متعدد انتظامی اور طلباء کے نتائج تک بھی رسائی حاصل کر سکیں گے۔

مجموعی طور پر IAR والدین کا پورٹل آپ کے بچے/بچی (بچوں) کے ٹیسٹ نتائج تک رسائی کا ایک محفوظ اور آسان طریقہ پیش کرتا ہے۔ نیچے دیا گیا خاکہ IAR والدین کے پورٹل تک رسائی حاصل کرنے اور اس کا استعمال کرنے کا عمل دکھاتا ہے۔ اگلے صفحات پر ہم ہر ایک مرحلے کے بارے میں مزید تفصیل سے بتائیں گے۔ اپنے اکاؤنٹ کی تخلیق و تصدیق کا کام آپ کو ایک ہی مرتبہ کرنا پڑتا ہے، لیکن ایک بار جب آپ اپنا اکاؤنٹ سیٹ اپ کر لیتے ہیں، تو آپ کو اس گائیڈ میں احاطہ کردہ دیگر سرگرمیوں تک لامحدود رسائی حاصل ہو گی۔






یہاں سے شروع کریں



اگر آپ کو IAR والدین کے پورٹل پر ایک اکاؤنٹ بنانا ہو، تو صفحہ ۲ پر جائیں۔

اگر آپ کا پہلے سے ہی IAR والدین کے پورٹل کا اکاؤنٹ موجود ہو، تو چھوڑ کر صفحہ ۳ پر جائیں۔

ایک اکاؤنٹ بنائیں

| مراحل | بصری معاونت |
|---|---|
| کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس کا استعمال کرتے ہوئے، il-results.pearsonaccessnext.com پر جائیں اور سائن اپ (Sign Up) لنک منتخب کریں۔ حوالہ کے لیے، رپورٹنگ کے بارے میں مزید معلومات کے بارے میں براہ راست نیچے دیے گئے لنک کو اس اسکرین پر بھی نوٹ کریں۔ |  |
| اگلی اسکرین پر، اپنا پہلا نام، آخری نام، ای میل ایڈریس اور ایک ابتدائی پاس ورڈ درج کریں۔<br><br>**پاس ورڈ کے تقاضے:**<br>• کم از کم ۸ حروف ہوں<br>• کم از کم ایک بڑا حرف<br>• کم از کم ایک چھوٹا حرف<br>• کم از کم ایک عدد<br><br>**اکاؤنٹ بنائیں ( Create Account)** کو منتخب کریں۔ |  |
| آپ کو ایک آن اسکرین پیغام دکھائی دے گا۔<br>**اگر آپ کو اکاؤنٹ بنانے میں دشواری ہو، تو <u>نقص دور کرنے کا سیکشن صفحہ ٦</u> پر ملاحظہ فرمائیں۔** |  |


اپنے اکاؤنٹ کی تصدیق کریں

| مراحل | بصری معاونت |
|---|---|
| • اپنے اس ای میل اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کریں جو آپ نے اپنا IAR والدین کے پورٹل کا اکاؤنٹ بنانے کے لیے استعمال کیا تھا۔<br>• **noreply@pearsonaccessnext.com** کی طرف سے آئی ہوئی "براہ کرم اپنے نئے اکاؤنٹ کی تصدیق کریں" ( Please Confirm Your New Account) والی ای میل تلاش کریں۔ اس ارسال کنندہ کو مستقبل کی ای میلز کے لیے وائٹ لسٹ کرنا یقینی بنائیں اور Pearson کو اپنی ایڈریس بک میں شامل کریں۔<br>• **اگر آپ کو ای میل موصول نہیں ہوئی ہو، تو صفحہ ٦ پر نقص دور کرنے کا سیکشن ملاحظہ کریں۔**<br>• اپنے IAR والدین کے پورٹل اکاؤنٹ کو فعال کرنے کے لیے ای میل میں موجود تصدیقی لنک کو منتخب کریں اور لاگ ان صفحہ پر واپس جائیں۔ |  |



### اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کریں

| مراحل | بصری معاونت |
|---|---|
| • **il-results.pearsonaccessnext.com** پر جائیں<br>• اپنا **ای میل ایڈریس (Email Address)** اور **پاس ورڈ** درج کریں<br>• **لاگ ان کریں (Log In)** کو منتخب کریں۔ آپ کو سب سے اوپر پورٹل کے موضوع کے ساتھ ایک صفحہ دکھائی دے گا۔<br><br>**اگر آپ کو لاگ ان کرنے میں دشواری ہو رہی ہے تو صفحہ ٦ پر نقص دور کرنے کا سیکشن ملاحظہ کریں۔** |  |



### ایک کلیم کوڈ شامل کریں

| مراحل | بصری معاونت |
|---|---|
| اپنے بچے/بچی کی طالب علم کی انفرادی رپورٹ (رپورٹوں) کی کاغذی کاپی پر موجود کلیم کوڈ تلاش کریں۔ یہی کلیم کوڈ ELA/L اور ریاضی نتائج کے لیے بھی کام کرے گا۔<br><br>**اگر آپ کے پاس کلیم کوڈ موجود نہیں ہو، تو صفحہ ٦ پر نقص دور کرنے کا سیکشن ملاحظہ کریں۔** |  |
| • اپنے IAR والدین کے پورٹل اکاؤنٹ کے ٹیسٹ کے نتائج تلاش کریں کے سیکشن میں مناسب خانوں میں طالب علم کی انفرادی رپورٹ پر طالب علم کا پہلا نام، آخری نام، تاریخ پیدائش اور کلیم کوڈ درج کریں **بالکل اسی طرح جیسا کہ یہ پرنٹ کیا ہوا ہے** (بشمول چھوٹے بڑے حروف کے لحاظ سے) درج کریں۔<br>• **نتائج تلاش کریں (Find Results)** کو منتخب کریں۔ اس کے بعد، آپ کا بچہ/بچی اسکرین کی دائیں جانب فہرست میں موجود ہونا چاہیے۔<br><br>اگر طالب علم کا نتیجہ نہیں ملتا یا اگر طالب علم کی انفرادی رپورٹ پر طالب علم کا نام یا تاریخ پیدائش غلط ہو، تو **صفحہ ٦ پر نقص دور کرنے کا سیکشن ملاحظہ کریں۔** |  |

## نتائج دیکھیں

| مراحل | بصری معاونت |
|---|---|
| میرے طالب علم (My Students) کے تحت، اس طالب علم کا نام منتخب کریں جس کا آپ جائزہ لینا چاہیں گے۔ اگر آپ کا ایک ہی طالب علم ہو، تو فہرست میں صرف ایک طالب علم موجود ہو گا۔ | <br> |
| میرے طالب علم (My Students) کے تحت آپ کے طالب علم نے جو ٹیسٹ دیا ہے، اُس کا اور ان کے مجموعی عددی اسکور اور کارکردگی کی سطح کا جائزہ لیں۔<br>اگر آپ کے طالب علم کے سابقہ گریڈ کے نتائج دستیاب ہوں، تو آپ ڈراپ ڈاؤن سے ایک مختلف گریڈ منتخب کرتے ہوئے جائزہ لے سکتے ہیں۔<br>نتائج کی تشریح کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، والدین کے لیے اسکور کی تشریح گائیڈ کا جائزہ لیں۔ | <br> |
| اس کے علاوہ، نتائج میں ذاتی نوعیت کی ویڈیو کا لنک شامل ہو گا جو آپ کے بچے/بچی کے نتائج کا مرحلہ وار جائزہ فراہم کرتا ہے۔ ویڈیو لنک آپ کو ایک مشترکہ ویڈیو پر لے جائے گا جس میں ایڈمنسٹریشن کے دوران آپ کے بچے کے لیے تمام IAR نتائج دکھائے جائیں گے۔ | <br> |
| جب آپ کسی بچے/بچی کے نتائج دیکھنا مکمل کر لیں، تو دوسرے بچے/بچی (اگر قابل اطلاق ہو) کے لیے مختلف کلیم کوڈ درج کرنے کے لیے مرکزی اسکرین پر واپس آنے کے لیے اپنے براؤزر پر IAR والدین کے پورٹل ٹائٹل یا بیک (Back) بٹن کا استعمال کریں۔ جب آپ کے تمام بچے مکمل ہو جائیں، تو اوپری دائیں کونے میں اپنا ای میل پتہ منتخب کرتے وقت ظاہر ہونے والے مینو سے لاگ آؤٹ (Log Out) کریں کا اختیار منتخب کریں۔ | <br> |

## اپنا اکاؤنٹ پروفائل تبدیل کرنا

| مراحل | بصری معاونت |
|---|---|
| اگر کسی بھی وقت کامیابی کے ساتھ لاگ ان ہونے کے بعد آپ اپنے اکاؤنٹ سے وابستہ نام یا پاس ورڈ میں ترمیم کرنا چاہتے ہیں، تو اوپری دائیں کونے میں اپنا ای میل پتہ منتخب کریں اور پھر ڈراپ ڈاؤن مینو سے پروفائل (Profile) کو منتخب کریں۔ |  |
| اگلی اسکرین پر، مناسب خانوں میں اپنے ناموں اور/یا پاس ورڈ کی تبدیلیاں درج کریں اور پھر محفوظ کریں (Save) اور/یا اپڈیٹ پاس ورڈ (Update Password) منتخب کریں۔<br>نوٹ: آپ اپنے IAR والدین کے پورٹل اکاؤنٹ سے وابستہ ای میل تبدیل نہیں کر سکتے۔ اگر آپ اس ای میل ایڈریس تک مزید رسائی حاصل نہ کر سکتے ہوں، تو آپ کو ایک نیا IAR والدین پورٹل اکاؤنٹ بنانے کی ضرورت ہو گی۔ |  |

نقص دور کرنا

اپنے اکاؤنٹ کے مسائل یا ٹیسٹ نتائج تک رسائی حاصل کرنے کے لیے نیچے دی گئی جدول کا استعمال کریں۔

| مسئلہ | حل کرنا |
|---|---|
| ایک نیا اکاؤنٹ بنانے کی کوشش کرتے وقت سسٹم نے کہا ہے کہ میرا ای میل پتہ پہلے سے ہی ایک موجودہ اکاؤنٹ کے لیے استعمال میں ہے۔ | ہو سکتا ہے کہ آپ نے IAR والدین پورٹل کے لیے پہلے ہی ایک اکاؤنٹ بنا رکھا ہو۔ لاگ ان کرنے کی کوشش کریں۔ اگر ضروری ہو، تو لاگ ان صفحے پر موجود **پاس ورڈ بھول گئے؟ (Forgot ?password)** لنک کا استعمال کریں۔ |
| مجھے اپنے اکاؤنٹ کی تصدیق کرنے کا ابتدائی ای میل موصول نہیں ہوا۔ | ان مراحل کو آزمائیں:<br>١. اپنے اسپیم یا جنک میل فولڈرز چیک کریں<br>٢. اس ای میل کے ساتھ ایک نیا صارف اکاؤنٹ بنانے کی کوشش کریں جسے آپ نے شروع میں اپنے اکاؤنٹ کو ترتیب دینے کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کی تھی۔ اگر آپ کو کامیابی کا پیغام موصول ہوتا ہے، تو یہ اس بات کی نشاندہی کر سکتا ہے کہ اکاؤنٹ نہیں بنایا گیا تھا یا ای میل غلط درج کیا گیا تھا۔ آپ کو یہ چیک کرنا چاہیے کہ آیا آپ کو ایک ای میل موصول ہوئی ہے۔ یا، اگر آپ کو ایک پیغام موصول ہوتا ہے کہ "یہ ای میل ایڈریس ایک موجودہ اکاؤنٹ کے ساتھ وابستہ ہے۔" ( Email address is associated with an existing account) تو اگلے مرحلے پر جائیں۔<br>٣. اپنی ایڈریس بُک میں Pearson کو شامل کریں۔<br>٤. Pearson کے کسٹمر سپورٹ سے رابطہ کریں۔ |
| لاگ ان کرنے کی کوشش کرتے وقت مجھے ایک "اکاؤنٹ تصدیق شدہ نہیں ہے" (Account Not Verified) کا پیغام موصول ہوا ہے۔ | آپ کو ابتدائی ای میل میں بھیجے گئے لنک کی تعمیل کر کے اپنے اکاؤنٹ کی تصدیق کرنی ہو گی۔ اوپری دائیں کونے میں اپنا ای میل پتہ منتخب کرتے وقت ظاہر ہونے والے مینو سے لاگ آؤٹ (Log Out) کا اختیار منتخب کریں، اپنے اکاؤنٹ کی تصدیق کے لیے ای میل میں موجود لنک پر کلک کریں اور دوبارہ لاگ ان کریں۔ نوٹ: اگر آپ اب بھی "اکاؤنٹ تصدیق شدہ نہیں" (”Account Not Verified“) اسکرین دیکھتے ہیں، تو لاگ آؤٹ کرنے اور پھر سے لاگ ان کرنے کی کوشش کریں۔ |
| مجھے لاگ ان کرنے کی کوشش کرتے وقت ایک پیغام "فراہم کردہ اسناد غلط ہیں (Supplied credentials are invalid) موصول ہوا ہے۔ ای میل ایڈریس یا پاس ورڈ غلط تھا" ( Email address or password was incorrect) موصول ہوا ہے۔ | ان مراحل کو آزمائیں:<br>١. لاگ ان اسکرین پر پاس ورڈ بھول گئے (Forgot Password) کے لنک پر کلک کریں۔ اگر آپ کو ای میل موصول ہوئی ہو، تو اپنا پاس ورڈ ری سیٹ کریں اور دوبارہ لاگ ان کرنے کی کوشش کریں۔<br>٢. ایک نیا صارف اکاؤنٹ بنانے کی کوشش کریں۔ ہو سکتا ہے کہ نیا اکاؤنٹ بناتے وقت ای میل ایڈریس غلط ٹائپ کیا گیا ہو یا ہو سکتا ہے اکاؤنٹ ابتدائی طور پر کامیابی سے بنا ہی نہ ہو۔<br>٣. اگر آپ کو مرحلہ ١ اور ٢ مکمل کرنے کے بعد، "ای میل ایڈریس ایک موجودہ اکاؤنٹ کے ساتھ وابستہ ہے" ("Email address is associated with an existing account") کا پیغام موصول ہوتا ہے۔ تو براہِ کرم Pearson کسٹمر سپورٹ (Customer Support) سے رابطہ کریں۔ |
| میں اپنا پاس ورڈ بھول گیا/گئی ہوں۔ | لاگ ان صفحے پر موجود **پاس ورڈ بھول گئے؟ (Forgot password?)** لنک منتخب کریں۔ آپ کو اپنا ای میل ایڈریس درج کرنے کے لیے کہا جائے گا اور آپ کو اپنے پاس ورڈ کو دوبارہ ترتیب دینے کے لیے ایک نئے لنک کے ساتھ فوری طور پر سسٹم سے تیار کردہ ایک ای میل بھیجی جائے گی۔ براہ کرم تازہ ترین ای میل میں موجود لنک کا استعمال کریں اور سابقہ پاس ورڈ استعمال نہ کریں۔ |
| میرے پاس اپنے بچے/بچی کا ISR نہیں ہے۔ ISR میں ایک کلیم کوڈ شامل نہیں ہے۔ | آپ کو ایک ایسے ISR کی ضرورت ہو گی جس میں آپ کے اکاؤنٹ میں طالب علم کے نتائج شامل کرنے کے لیے کلیم کوڈ شامل ہو۔ صرف تعاون یافتہ ایڈمنسٹریشن ISR میں کلیم کوڈ شامل ہوتا ہے۔ اگر ISR میں IAR والدین کے پورٹل کے لیے کلیم کوڈ شامل نہیں ہے، تو آپ نتائج شامل نہیں کر سکیں گے۔ اگر آپ کے پاس کلیم کوڈ نہیں ہے تو اپنے بچے/بچی کے اسکول یا ٹیچر سے اس بات کی تصدیق کریں کہ آپ کے پاس تعاون یافتہ ایڈمنسٹریشن ISR ہے۔ |
| مجھے طالب علم کے نتائج نہیں ملے (Student Results Not Found) کا پیغام موصول ہوا ہے۔ | تصدیق کرلیں کہ پہلا نام، آخری نام، تاریخ پیدائش اور کلیم کوڈ بالکل اسی طرح مماثل ہیں جیسے وہ ISR پر ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر اب بھی مسئلہ برقرار رہے، تو براہِ کرم اپنے اسکول/ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔ |

| | |
|---|---|
| ISR پر طالب علم کی معلومات غلط ہے۔ | اگر آپ کو یقین ہے کہ ISR آپ کے طالب علم کا ہے، تو آگے بڑھیں اور طالب علم کے نتائج کو اپنے پروفائل میں شامل کریں اور پھر نام کی تبدیلی کے لیے اپنے اسکول/ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔<br>اسکول/ڈسٹرکٹ انتظامیہ کے ڈیٹا بیس میں اسے اپ ڈیٹ کرنے کے بعد، آپ IAR والدین کے پورٹل میں نام کی تبدیلی دیکھیں گے۔ اگر آپ کو یقین نہ ہو کہ ISR آپ کے طالب علم کا ہی ہے، تو براہِ کرم اپنے اسکول/ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔ |